رول نمبر اُمیدوار : ________

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 324-IV) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ : I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ حصہ معروضی Code: 6027 مارکس : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - "رخسار پھول کی مانند ہے" اس جملے میں حرفِ تشبیہ ہے

(A) مانند ● (B) رخسار (C) پھول (D) ہے

2 - استعارہ کے حقیقی اور مجازی معنی میں ______ کا تعلق پایا جاتا ہے۔

(A) مشبہ (B) تلمیح (C) تشبیہ ● (D) استعارہ

3 - گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش ...... رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش

اس شعر میں " اے کاش " ہے

(A) قافیہ (B) ردیف ● (C) تشبیہ (D) استعارہ

4 - " مکتوباتِ غالب " چھپ ______ ۔

(A) گئے ہیں (B) گئیں ہیں (C) گئی ہے ● (D) گیا ہے

5 - طرفین استعارہ ______ کو کہتے ہیں۔

(A) استعارہ اور تشبیہ (B) وجہ جامع (C) حروفِ تشبیہ (D) مستعارلہ اور مستعارمنہ ●

6 - دلی میں غالب کی رہائش کا مدار جس حاکم کے حکم پر تھا

(A) کرنل برن ● (B) کرنل شیفرڈ (C) ایجرٹن (D) ولیم

7 - اگر دولت مند ہو تو ______ کی تقلید کرو۔

(A) امراء (B) حکمرانوں (C) افسروں (D) مکے کے تاجر اور بحرین کے خزینہ دار ●

8 - تشبیہ دینے کے لیے استعمال کیے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں

(A) حروفِ استفہام (B) حروفِ تشبیہ ● (C) ایہام (D) حروفِ تردید

9 - استعارہ کی بنیاد ______ پر رکھی جاتی ہے۔

(A) مجاز ● (B) حقیقت (C) مشبہ (D) مشبہ بہ

10 - افسانہ " ادیب کی عزت " مصنف کی جس تصنیف سے ماخوذ ہے

(A) سوزِ وطن (B) آخری تحفہ ● (C) واردات (D) زادِ راہ

11 - اس احساس نے اسے غصہ دلا ______

(A) دی (B) دیا ● (C) دیئے (D) دیں

12 - غزل یا قصیدہ کا آخری شعر جس میں شاعر تخلص استعمال کرے، کو ______ کہتے ہیں۔

(A) مطلع (B) مقطع ● (C) آخری شعر (D) ردیف

13 - کسی مشہور تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کرنے کو کہتے ہیں

(A) کنایہ (B) تشبیہ (C) تلمیح ● (D) استعارہ

14 - علاج سے مرض ______ ۔

(A) بڑھتی گئی (B) بڑھتی گیا (C) بڑھتے گئے (D) بڑھتا گیا ●

15 - سرسید احمد خاں نے " خطباتِ احمدیہ " ______ برس مدت میں لکھی۔

(A) تین (B) دو (C) ڈیڑھ ● (D) ایک

16 - پہلے شعر کے دونوں ہم قافیہ اور ہم ردیف مصرعوں کو کہتے ہیں

(A) مطلع ثانی (B) مطلع ● (C) حسنِ مطلع (D) مطلع ثالث

17 - یہ اس کے باپ کی آواز ______ ۔

(A) تھا (B) تھی ● (C) تھے (D) تھیں

18 - ردیف سے پہلے آتا ہے

(A) قافیہ ● (B) استعارہ (C) مقطع (D) مطلع

19 - ضد ______ اچھی بات نہیں۔

(A) کرنی (B) کرنے (C) کرنا ● (D) کرو

20 - کبوتر، گدھ اور سانپ میں قدر مشترک تھی

(A) محبت کا احساس (B) برادری کا احساس (C) دوستی کا احساس ● (D) ذاتی فائدہ

205-(IV)-1st A 324-83000



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

pakcity.org

پہلا گروپ — (1st A 324) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th — پرچہ: I

وقت: 2 گھنٹے — **انشائی** — مارکس: 80

## حصہ اول

(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1 = 10)

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی ...... خونِ مسلم صرفِ تعمیر جہاں ہوجائے گا

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں ...... حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہوجائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3 × 3+1 = 10)

خاطر سے یا لحاظ سے میں مان تو گیا ...... جھوٹی قسم سے آپ کا ایمان تو گیا

دل لے کے مُفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں ...... الٹی شکایتیں ہوئیں ، احسان تو گیا

ڈرتا ہوں دیکھ کر دلِ بے آرزو کو میں ...... سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو مہمان تو گیا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہلِ دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہوجاتا ہے۔

(ب) بدقسمتی سے کمیٹی کے پاس ہوا کی قلت تھی۔ اس لیے لوگوں کو ہدایت کی گئی کہ مفادِ عامہ کے پیشِ نظر اہلِ شہر ہوا کا بے جا استعمال نہ کریں بلکہ جہاں تک ہو سکے کفایت شعاری سے کام لیں۔ چنانچہ اب لاہور میں عام ضروریات کے لیے ہوا کی بجائے گرد اور خاص خاص حالات میں دھواں استعمال کیا جاتا ہے۔ کمیٹی نے جا بجا دھوئیں اور گرد کے مہیا کرنے کے لیے مرکز کھول دیے ہیں جہاں یہ مرکبات مفت تقسیم کیے جاتے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ اس سے نہایت تسلی بخش نتائج برآمد ہوں گے۔

(ورق اُلٹیے)



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ +1=10)

(i) اوور کوٹ (ii) کیا واقعی دنیا گول ہے؟

5 - سید محمد جعفری کی نظم "ایبسٹریکٹ آرٹ" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان "سوشل میڈیا کے فوائد اور نقصانات" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

کالج میں ہونے والی سالانہ کھیلوں کی اختتامی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

7 - ایک مکان کی فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 =10)

جن قوموں نے موبائل فون اور لیپ ٹاپ بنائے وہ آج بھی کتاب پڑھتی ہیں۔ یورپ میں شائع ہونے والی نئی کتاب کی ہزاروں کا پیاں ایک ماہ میں فروخت ہوجاتی ہیں۔ ہم نہ کچھ ایجاد کرتے اور سیکھتے ہیں اور نہ ہمارے پاس کتاب پڑھنے کا وقت ہے۔ ہم بہانے بناتے ہیں کہ موبائل فون نے کتاب کی جگہ لے لی ہے۔ اگر ہم کتاب بینی کو فروغ نہیں دیں گے تو ہمارے ترجیحات بڑے گھر، موبائل فون، پلاٹ اور گاڑیاں ہوسکتی ہیں۔ انسانیت ہمیں چھو کر بھی نہیں گزرے گی، صرف شکم پروری ہمارا نصب العین ہوگا۔



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 324-I) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ : I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ حصہ معروضی Code: 6022 مارکس : 20

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

. 1

1 - ولیم ڈراگن ______ کا خیر خواہ تھا۔
(A) انگلینڈ (B) آئرلینڈ (C) نیوزی لینڈ (D) سکاٹ لینڈ

2 - حضرت قمر عید کا دن گزارتے
(A) سو کر (B) لکھتے ہوئے (C) دوستوں کے ساتھ (D) رشتہ داروں کے ساتھ

3 - نوجوان کو ______ پر حادثہ پیش آیا۔
(A) ڈیوس روڈ (B) لارنس روڈ (C) مال روڈ (D) میکلوڈ روڈ

4 - فیکا اپنے والد کو علاج کے لیے لے گیا
(A) جناح ہسپتال (B) میو ہسپتال (C) گنگا رام ہسپتال (D) جنرل ہسپتال

5 - مشتاق یوسفی کے مطابق مرغی کا مقام ہے
(A) کھیت (B) ڈربہ (C) بازار (D) پیٹ اور پلیٹ

6 - مطلع کے دونوں مصرعوں کا ہم قافیہ ہونا
(A) ضروری ہے (B) غیر ضروری ہے (C) ممکن نہیں (D) غلط ہے

7 - گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش ..... رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش
یہ شعر ہے
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

8 - غزل کے جس شعر میں تخلص ہو، مقطع کہلاتا ہے
(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

9 - اگر آخری شعر میں تخلص استعمال نہ ہو تو وہ کہلائے گا
(A) مقطع (B) حسنِ مطلع (C) زیبِ مطلع (D) آخری شعر

10 - ہم آواز الفاظ کو کہتے ہیں
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مجازِ مرسل (D) کنایہ

11 - بچہ پھول جیسا میں "بچہ" ہے
(A) حرفِ تشبیہ (B) مشبہ (C) مشبہ بہ (D) غرضِ تشبیہ

12 - رُخسار پھول کی مانند میں "پھول" ہے
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) مستعارلہٗ (D) مستعارمنہ

13 - استعارہ کا لغوی معنی ہے
(A) ادھار لینا (B) ادھار دینا (C) تعریف کرنا (D) ہم شکل ہونا

14 - استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے
(A) حقیقی معنوں میں (B) مجازی معنوں میں (C) لغوی معنوں میں (D) اصطلاحی معنوں میں

15 - "حسنِ یوسف" اصطلاح میں ہے
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) قافیہ

16 - مریض کو بہت دیر بعد ہوش ______ ۔
(A) آیا (B) آئی (C) آئے (D) آئیں

17 - تلوار ______ نیام خوبصورت ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

18 - اسے قبض ______ ۔
(A) رہتا ہے (B) رہتی ہے (C) رہتے ہیں (D) ہوتی ہے

19 - گرم چیزیں کھانے سے پرہیز ______ ۔
(A) کرنی چاہیے (B) کرنا چاہیے (C) کرنے چاہیں (D) کرنی چاہیں

20 - ضد ______ اچھا نہیں۔
(A) کرنا (B) کرنی (C) کرنے (D) کرو



 Please visit for more Data at: www.pakcity.org

11th Class Urdu Subjective Paper Group 2 Gujranwala Board 2024

پرچہ : I | (1st A 324) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th | دوسرا گروپ

pakcity.org

مارکس : 80 | انشائی | گھنٹے 2:40

## حصہ اول

- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1 = 10)

میرے جیسے ہوں گے پیدا، سیکڑوں اہلِ سخن ...... نکتہ نکتہ جن کا آزادی کی جاں ہو جائے گا
ڈھائی جائے گی بِنا، یورپ کے استعمار کی ...... ایشیا، آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3 x 3+1 = 10)

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ...... ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا ...... جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر ...... ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لیے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی اور رہنما بنایا جاوے تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔ حقیقت میں ایسا ہونا قوت کی پرستش ہے اور اس کے نتائج انسان کو ایسا ہی حقیر بنا دیتے ہیں جیسے کہ صرف دولت کی پرستش سے انسان حقیر و ذلیل ہو جاتا ہے۔

(ب) وہ مایوس ہو کر لڑکھڑاتی ہوئی دالان سے نکل آئی اور اپنی چارپائی پر پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئی۔ اسے اپنے ابا پر غصہ آ رہا تھا کہ آخر وہ اس برائے نام روشنی پر قناعت کیوں کرتے ہیں؟ مٹی کا تیل اسے روزانہ کیوں نہیں ملتا؟ جب کہ گلی کے نکڑ والے خوب صورت دومنزلہ گھر میں تمام رات بڑی بڑی لالٹینوں کی روشنی ہوتی رہتی ہے...... لیکن اس کا جھنجلایا ہوا دماغ یہ سوچ ہی نہ سکا کہ اگر تیل اُسے بھڑے ملنے بھی لگے تو اس مد کے لیے دو پیسے روز کس کے گھر سے آئیں گے جب کہ اس کے باپ کو سخت محنت کی قیمت صرف اتنی ہی ملتی ہے کہ وہ جیئے تو کیا ہاں جینے کی بھونڈی سی نقل اتارتا رہے۔

(ورق اُلٹیے)



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (9+1=10)

(i) ادیب کی عزت (ii) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5 - نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان "بیرونِ ملک تعلیم" حاصل کرنے کے حوالے سے ایک مکالمہ تحریر کیجئے۔ (10)

یا

ایک تفریحی سفر کی روداد تحریر کیجئے۔

7 - موبائل فون کی فروخت کی رسید تحریر کیجئے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (8+2 =10)

زندہ قومیں اپنے قومی ورثے کی حفاظت اس لیے بھی کرتی ہیں کہ اس میں ان کے بزرگوں کی محنتِ شاقہ شامل ہوتی ہے۔ کسی بھی قوم کی ادبی ترقی میں ہر فرد حصہ نہیں لیتا بلکہ چند حساس افراد کی تگ و دو سے یہ پودا پروان چڑھتا ہے۔ ہر ادب دنیا کے کونے کونے میں اپنی قوم کی نمائندگی کرتا ہے۔ اعلیٰ و ارفع ادب بہت سے لکھاریوں کو جنم دیتا ہے۔ یہی صاحبانِ فن اپنے جگر کا خون دے دے کر اپنے ادب کے بُوٹے پالتے ہیں۔ یہ بُوٹے پلتے جاتے ہیں تو اس قوم سے جہالت کے پتے جھڑتے جاتے ہیں۔ اردو ادب کی ترویج و ارتقا میں بہت سے تخلیق کاروں نے دن رات جستجو و خیز کی اور اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اس زبان کو جوان کرنے میں دن رات ایک کیا۔


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2023

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 323-I) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ: I..

pakcity.org

وقت: 20 منٹ حصہ معروضی Code: 6021 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1- مسجد ______ محراب بہت خوبصورت ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کو (D) کی

2- ______ آنچل سنبھالو۔
(A) اپنی (B) میری (C) اپنا (D) اپنوں

3- پچاس روپے ______ دہی لاؤ۔
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

4- مجھے قبض ______ ہے۔
(A) رہتا (B) رہتے (C) رہتی (D) رہتیں

5- میں نے آج اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھا (B) پڑھی (C) پڑھو (D) پڑھیں

6- "قافیہ" کا لغوی معنی ہے
(A) آگے جانے والا (B) پیچھے آنے والا (C) قوافی (D) دوست

7- مقطع ______ زبان کا لفظ ہے۔
(A) عربی (B) اُردو (C) فارسی (D) ہندی

8- ردیف ہمیشہ آتی ہے
(A) مطلع میں (B) نظم میں (C) قافیہ سے پہلے (D) قافیہ کے بعد

9- مطلع زیادہ ہوں تو آخری مطلع کے بعد والا شعر، کہلائے گا
(A) حُسنِ مطلع (B) شانِ مطلع (C) حقیقی مطلع (D) استعارہ

10- ردیف والی غزل کہلاتی ہے
(A) مترنم غزل (B) مردّف غزل (C) موسیقی (D) حسین غزل

11- مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں
(A) طرفین تشبیہ (B) حروفِ تشبیہ (C) غرض تشبیہ (D) ارکانِ استعارہ

12- استعارہ میں مشترکہ صفت کہلاتی ہے
(A) مستعار لہٗ (B) غرض تشبیہ (C) وجہِ جامع (D) وجہِ شبہ

13- "ابنِ مریم ہوا کرے کوئی" میں "ابنِ مریم" ہے
(A) استعارہ (B) تلمیح (C) کنایہ (D) قافیہ

14- مستعار لیے گئے شخص یا چیز کو کہتے ہیں
(A) مستعار منہ (B) مستعار لہٗ (C) ردیف (D) مجاز

15- وہ مقصد جس کے لیے تشبیہ دی جائے
(A) وجہِ شبہ (B) وجہِ جامع (C) حرفِ تشبیہ (D) غرض تشبیہ

16- قرطبہ میں سرکاری ہسپتال تھے
(A) ساٹھ (B) چالیس (C) پچاس (D) دس

17- سکینہ نے ______ چھڑانے کے لیے کہا، "اچھا بھئی جاؤ"۔
(A) ہاتھ (B) گلا (C) دامن (D) جان

18- لقمان حکیم، ______ کا بادشاہ۔
(A) حکمت (B) عرب (C) دولت (D) دہلی

19- پیکنگ سے لڑھکے تو پہنچ گئے۔
(A) جاکرتا (B) لندن (C) پیرس (D) نیویارک

20- میں گھر میں پالنے کا روادار نہیں
(A) مرغیاں (B) پرندے (C) شیر (D) ہاتھی

205-(I)-1st A 323-94000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2023

اردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 323) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ: I

وقت: 2:40 گھنٹے pakcity.org انشائی مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1 = 10)

نوکری کے لیے اخبار کے اعلان نہ پڑھ ...... جان پہچان کی باتیں ہیں، کہا مان، نہ پڑھ
جن کو ملنی ہو، انھیں پہلے ہی مل جاتی ہے ...... بس دکھاوے ہی کے ہوتے ہیں یہ فرمان نہ پڑھ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3 x 3+1 = 10)

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی ...... بہت دیر کی مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو ...... وہی رہ گئی درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے ...... چمن اُڑ گیا آندھیاں آتے آتے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) تم ہی کہو میں جو کچھ کرتا ہوں، اس سے زیادہ میرے امکان میں کیا ہے؟ ساری دنیا میٹھی نیند سوتی ہے اور میں قلم لیے بیٹھا رہتا ہوں۔ لوگ سیر و تفریح کرتے ہیں، کھیلتے کودتے ہیں۔ میرے لیے سب کچھ حرام ہے۔ یہاں تک کہ مہینوں سے ہنسنے کی نوبت نہیں آئی۔ عید کے دن بھی میں نے تعطیل نہیں منائی۔ بیمار ہوتا ہوں، جب بھی لکھتا ہوں۔ سوچو تم بیمار تھیں اور میرے پاس حکیم کے پاس جانے کے لیے بھی وقت نہ تھا۔

(ب) لیکن بدقسمتی سے کمیٹی کے پاس ہوا کی قِلّت تھی۔ اس لیے لوگوں کو ہدایت کی گئی کہ مفادِ عامہ کے پیشِ نظر اہلِ شہر ہوا کا بے جا استعمال نہ کریں بلکہ جہاں تک ہو سکے کفایت شعاری سے کام لیں۔ چنانچہ اب لاہور میں عام ضروریات کے لیے ہوا کی بجائے گرد اور خاص خاص حالات میں دھواں استعمال کیا جاتا ہے۔ کمیٹی نے جابجا دھوئیں اور گرد کے مہیا کرنے کے لیے مرکز کھول دیے ہیں جہاں یہ مرکبات مفت تقسیم کیے جاتے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ اس سے نہایت تسلی بخش نتائج برآمد ہوں گے۔

(ورق اُلٹیے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2023



pakcity.org

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(i) اُسوۂ حسنہ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (ii) اوور کوٹ

5 - حفیظ جالندھری کی نظم " ہلالِ استقلال " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان " موبائل فون کے فوائد اور نقصانات " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (10)

یا

کھیلوں کے سالانہ مقابلہ جات کی روداد قلمبند کیجیے۔

7 - پرانے موبائل فون فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 =10)

کہتے ہیں کہ بچہ یا تو خوف سے پڑھتا ہے یا پھر شوق سے وگرنہ حصولِ علم کا دفور ممکن ہی نہیں۔ یوں اگر کوئی طالب علم شوق سے پڑھنے لگے تو یہ اس کی خوش نصیبی ہے بصورتِ دیگر ڈانٹ ڈپٹ یا " ڈنڈا ماسٹر" کے علاوہ اسے تعلیم کی جانب راغب کرنا بہت مشکل ہے۔ یہ تصور صدیوں تک بڑی کامیابی اور قوت کے ساتھ نافذ رہا۔ نئے زمانہ میں یورپ اور امریکہ میں منٹیسوری یا پلے گروپ طرزِ تدریس کو اسی تصور کی بنا پر رائج کیا گیا کہ تعلیم کے ابتدائی دور ہی میں بچوں کو کھیل کھیل میں پڑھا کر اُن میں تعلیم کا شوق پیدا کر دیا جائے تا کہ اُن پر جبر یا مار پیٹ ضروری نہ رہے۔ ہمارے چند مہربان بھی یورپ اور امریکہ سے ایسے ہی نظام کا سبق پڑھ آئے اور ہمارے بنیادی اور ابتدائی نظامِ تعلیم کو بدلے بغیر "مار نہیں پیار" کا حکم نامہ جاری کر دیا۔ اس تبدیلی نے ہمارے قصبوں اور دیہات میں رائج نظامِ تعلیم کو یکسر تہہ و بالا کر دیا۔ ہم نہ تیتر رہے نہ بٹیر؛ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2023

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 323-II) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ : I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ حصہ معروضی Code: 6024 مارکس : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1- وہ الفاظ جو وزن اور صوت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں، کہلاتے ہیں
(A) قوافی (B) ردیف (C) مرکب الفاظ (D) مستقل الفاظ

2- "صبر ایوب" مثال ہے
(A) تشبیہ کی (B) استعارہ کی (C) تلمیح کی (D) علم بیان کی

3- "ادات تشبیہ" کا دوسرا نام ہے
(A) وجہِ تشبیہ (B) غرضِ تشبیہ (C) طرفینِ تشبیہ (D) حرفِ تشبیہ

4- مرغی کا صحیح مقام ہے
(A) کھیت (B) ڈربہ (C) صحن (D) پیٹ اور پلیٹ

5- نوجوان اپنی تراش خراش سے معلوم ہوتا تھا
(A) خوش حال (B) خوش باش (C) پڑھا لکھا (D) فیشن ایبل

6- عارف نے آج کا اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھا (B) پڑھی (C) پڑھیں (D) پڑھے

7- یہ کس ______ میز ہے؟
(A) کی (B) کا (C) کیں (D) کے

8- پچاس روپے ______ لونگ لے آؤ۔
(A) کے (B) کا (C) کی (D) کیں

9- ردیف سے پہلے آتا ہے
(A) قافیہ (B) مطلع (C) مقطع (D) تخلص

10- "ہستی اپنی حباب کی سی ہے ...... یہ نمائش سراب کی سی ہے" اس شعر میں قافیہ ہیں
(A) ہستی (B) نمائش (C) کی سی ہے (D) حباب، سراب

11- غزل کے اشعار میں ایک جیسے بار بار آنے والے الفاظ کہلاتے ہیں
(A) قافیہ (B) ردیف (C) استعارہ (D) تشبیہ

12- مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں
(A) مختلف (B) برابر الفاظ (C) بے معنی (D) ہم قافیہ

13- بھنگی نے کمرے میں جھاڑو نہیں ______ ۔
(A) دیا (B) دی (C) دیئے (D) دیں

14- غلّے ______ افراط، خوشی کا باعث ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

15- ابوالقاسم زہراوی کے آباؤ اجداد رہنے والے تھے
(A) شام کے (B) عراق کے (C) مصر کے (D) اُندلس کے

16- استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے
(A) حقیقت پر (B) مجاز پر (C) علامت پر (D) اشارے پر

17- جو لفظ اُدھار لیا جائے، کہلاتا ہے
(A) مستعارلہٗ (B) مستعار منہ (C) وجہِ جامع (D) وجہِ شبہ

18- تشبیہ کی نشان دہی کیجیے:
(A) میرا چاند (B) گریۂ یعقوب (C) سرو سا قد (D) دراز قد

19- بیگم وجیہہ ہاشمی رہنے والی تھیں
(A) لاہور کی (B) اسلام آباد کی (C) کشمیر کی (D) کراچی کی

20- ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیلِ روحانی کے لیے ضروری ہے
(A) سنتِ نبوی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (B) اسوۂ صحابہؓ (C) اسوۂ اسلاف (D) اسوۂ انبیاءؑ

206-(II)-1st A 323-91000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org EDUCATION

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2023

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 323) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ: I

وقت: 2:40 گھنٹے انشائی مارکس: 80

pakcity.org

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1 = 10)

کل ایک منُفکّر مجھے کہتا تھا سرِ راہ ...... شاید تری مِلّت کا ہے مِٹنے کا ارادہ

میں نے یہ کہا اُس سے کوئی وجہ بھی ہو گی؟ ...... بولا کہ تری قوم میں شاعر ہیں زیادہ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3 x 3+1 = 10)

پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے ...... اجل مر رہی تُو کہاں آتے آتے

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی ...... بہت دیر کی مہرباں آتے آتے

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو ...... وہی رہ گئی درمیاں آتے آتے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) یہ شخص اپنے فرائض کے سوا جن کو وہ اپنے اوپر لازم سمجھتا تھا، درحقیقت کسی چیز سے تعلق نہ رکھتا تھا۔ باوجود وہ قطعی مایوسی کے جو اس کو مسلمانوں کی طرف سے تھی اور جس کو وہ اکثر پرائیویٹ صحبتوں میں نہایت افسوس کے ساتھ ظاہر کرتا تھا اس کی کوششیں آخر دم تک برابر جاری رہیں۔ یہ اسی کی ہمت اور اسی کا حوصلہ تھا جو اس کی ذات پر ختم ہو گیا۔

(ب) کپڑے تو میں نے بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کہ کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور میں جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیے کہ میں تمھارے لیے کچھ نہیں کر سکا۔ پھر میں نے وہ فقرے سوچے جو مجھے فیکے کے سامنے اس انداز سے ادا کرنے تھے کہ اسے سچی بات بھی معلوم ہو جائے اور اسے دکھ بھی نہ ہو۔

(ورق اُلٹیے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(i) اوورکوٹ (ii) لاہور کا جغرافیہ

5 - نظیر اکبرآبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - گاہک اور دکاندار کے مابین مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (10)

یا

کالج میں منعقدہ جلسۂ تقسیم انعامات کی رُوداد تحریر کیجیے۔

7 - ایک موٹر سائیکل کے فروخت کی رسید لکھیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 =10)

اللہ تعالیٰ کی شانِ ستاریت انسان کو رسوائیوں سے بچا لے جاتی ہے۔ وہ اس دنیا ہی میں نہیں بلکہ آخرت میں بھی شفقت اور پردہ داری سے کام لے گا لیکن جس کا پردہ خود اپنے ہاتھوں چاک ہو جاتا ہے اور زبانوں پر اس کے معائب کا چرچا ہونے لگتا ہے تو دوسرے لوگ اس پر زبانِ طعن کھولتے اور اسے موردِ الزام ٹھہراتے ہیں جس کے نتیجہ میں اس کے دل میں نفرت بھر جاتی ہے اور وہ جوشِ ضد، نفرت اور ہٹ دھرمی میں مزید رسوائی کی پرواہ کیے بغیر گناہوں میں جری و بے باک ہو جاتا ہے اور اعلانیہ گناہوں کا مرتکب ہونے لگتا ہے۔ دنیا نہیں بلکہ انسان خود اپنے آپ کو رسوا کرتا ہے۔

www.pakcity.org
www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

رول نمبر امیدوار : ______

اُردو (لازمی)   (دوسرا گروپ)   (III) - 322 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I، کلاس 11th)   پرچہ I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ   (حصہ معروضی)   Code: 6026   مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - " عفو و اغماض " سے مراد ______ ہے۔
(A) نظر انداز کرنا (B) معاف کرنا (C) بدلہ لینا (D) لڑنا جھگڑنا

2 - " کیا واقعی دنیا گول ہے " صنفِ اُردو ادب کے لحاظ سے ______ ہے۔
(A) افسانہ (B) داستان (C) سفرنامہ (D) ناول

3 - استعارہ کی نشاندہی کیجیے:
(A) موتیوں جیسے دانت (B) برف کی طرح ٹھنڈا (C) کس شیر کی آمد ہے؟ (D) تاجِ سرِ دارا

4 - فیکا ______ کی آنکھیں ٹھیک کروانے ہسپتال لے گیا۔
(A) بابوجی (B) اماں (C) چچا (D) بابا

5 - خلف بن عباس کی کنیت ______ تھی۔
(A) ابوالقاسم (B) ابوالبدر (C) ابوالسالار (D) ابوالطیب

6 - نصاب میں شامل دوسرے خط میں غالبؔ نے کس تلمیح کا ذکر کیا ہے؟
(A) آبِ حیات (B) فاتح خیبر (C) باغِ ارم (D) کشتیٔ نوح

7 - مشبہ اور مشبہ بہ ______ کہلاتے ہیں۔
(A) طرفینِ تشبیہ (B) اداتِ تشبیہ (C) غرضِ تشبیہ (D) وجہِ تشبیہ

8 - جو لفظ مستعار لیا جائے اسے ______ کہتے ہیں۔
(A) وجہِ جامع (B) مشبہ (C) تشبیہ (D) استعارہ

9 - جس غزل میں ردیف ہو وہ غزل ______ کہلاتی ہے۔
(A) مردف (B) ردیفی (C) ردیفیہ (D) ردیفو

10 - اداتِ تشبیہ کا دوسرا نام ______ ہے۔
(A) وجہِ تشبیہ (B) طرفینِ تشبیہ (C) حروفِ تشبیہ (D) غرضِ تشبیہ

11 - " تلمیح " کا لغوی معنی ______ ہے۔
(A) پیار کرنا (B) مانند قرار دینا (C) مطالعہ کرنا (D) اچٹتی سی نگاہ ڈالنا

12 - شعر میں ______ بار بار دہرائے جانے والے الفاظ ردیف کہلاتے ہیں۔
(A) شروع میں (B) قافیہ سے پہلے (C) قافیہ کے بعد (D) مطلع کے بعد

13 - ہم آواز الفاظ کو ______ کہتے ہیں۔
(A) ردیف (B) قافیہ (C) مطلع (D) مقطع

14 - مقطع ______ زبان کا لفظ ہے۔
(A) عربی (B) فارسی (C) اُردو (D) ترکی

15 - اگر غزل میں دوسرے شعر کے دونوں مصرعے بھی ہم قافیہ ہوں تو اسے ______ کہتے ہیں۔
(A) مطلع (B) مطلع اوّل (C) مطلع ثانی (D) مطلع ثالث

16 - یہ آب گیر بہت ______ ہے۔
(A) گہرا (B) گہری (C) گہریں (D) چپٹی

17 - حکومت نے کسانوں کو آبیانہ معاف کر ______ ۔
(A) دی (B) دیا (C) دیئے (D) دیں

18 - اس ______ عتاب جان لیوا ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کیں

19 - ہر مخلوق کے مقدر میں اجل ______ ہے۔
(A) لکھیں (B) لکھے (C) لکھا (D) لکھی

20 - ______ برقِ تبسم بہت اعلیٰ ہے۔
(A) میریں (B) میرا (C) میرے (D) میری



Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

پرچہ I

322 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I، کلاس 11th)

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ)

مارکس: 80

(انشائی طرز)

وقت: 2:40 گھنٹے

pakcity.org

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1 = 10)

کبھی اے نوجواں مسلم ! تدبّر بھی کیا تو نے؟ ...... وہ کیا گردوں تھا ، تُو جس کا ہے اِک ٹوٹا ہوا تارا؟

تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں ...... کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں ، تاج سرِ دارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3 x 3+1 = 10)

اثر اس کو ، ذرا نہیں ہوتا ...... رنج ، راحت فزا نہیں ہوتا

ذکرِ اغیار سے ہوا معلوم ...... حرفِ ناصح بُرا نہیں ہوتا

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ...... ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) وہ مجھ سے کارڈ لے کر یوں چلا جیسے دنیا جہاں کی دولت سمیٹے لیے جا رہا ہے۔ میں نے کارڈ پر لکھ دیا تھا۔ جنابِ صاحب ! اس کا کام کر دیجیے ، بے چارا بڑا ہی غریب آدمی ہے۔ دعائیں دے گا۔ اور مجھے یقین تھا کہ کام ہو جائے گا۔ ڈاکٹروں کو صرف اتنا ہی تو دیکھنا تھا کہ آنکھ پوری طرح بجھ گئی ہے یا تھوڑی بہت رمق باقی ہے۔

(ب) اچھن پیچ و تاب کھاتی اپنی چار پائی پر لڑھک گئی۔ اس کا جی گھبرا رہا تھا اور ہر طرف سے سفید نئے کپڑوں کی کھڑ کھڑاہٹ صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ زور زور سے رو کر اپنے ابا کی قناعت پسندی کا ڈھنڈورا پیٹے ..........لیکن اس سے رویا بھی نہ گیا۔ آنسوؤں کا ذخیرہ تو جیسے حلق میں ہی پھنس کر رہ گیا تھا۔

www.pakcity.org

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(i) سرسیّد کے اخلاق وخصائل (ii) ادیب کی عزت

5 - نظیر اکبرآبادی کی نظم " تسلیم و رضا " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - دو طالب علموں کے درمیان " اکیڈمی کے فوائد ونقصانات " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (10)

یا

پرانی بس میں کیے گئے تفریحی ومطالعاتی سفر کی روداد لکھیے۔

7 - پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاک کی تاخیر سے تقسیم ہونے کی شکایت درخواست کی صورت میں تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 =10)

غریب عوام کیلیے روٹی کا حصول بھی مشکل ترین ہو گیا ہے۔ امیر طبقے پر اس کا اثر جتنا کم ہوتا ہے غریب طبقہ اتنا ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبتا چلا جا رہا ہے۔ غریب عوام کی ساری تگ و دوصرف اور صرف بنیادی ضروریات کے حاصل کرنے کیلیے رہ گئی ہے۔ جب یہ تگ و دو کم ہو گی تو وہ ملک کے دیگر سماجی اور معاشرتی معاملات کو سنجیدگی سے لیں گے اور ان کا حصہ بنیں گے۔ جرائم میں اضافے کا سبب بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری ہے۔ عوام نہ تو مہنگائی کا مقابلہ کر سکتے ہیں اور نہ ہی اپنا معیارِ زندگی بہتر بنا سکتے ہیں۔

203-322-90000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

رول نمبر اُمیدوار ________

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) (II) - 322 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I، کلاس 11th) پرچہ I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ (حصہ معروضی) Code: 6023 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1 - استعارہ کے ارکان کی تعداد ________ ہے۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

2 - اس شعر میں ردیف کیا ہے؟ ؎ اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا ...... رنج راحت فزا نہیں ہوتا
(A) اثر (B) نہیں ہوتا (C) ذرا (D) نہیں ہے

3 - "مطلع" کے لغوی معنی ________ ہیں۔
(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) غروب ہونے کی جگہ (C) سونے کی جگہ (D) لیٹنے کی جگہ

4 - "قافیہ" کی جمع ________ ہے۔
(A) قوافی (B) وقوف (C) قافیے (D) قاف

5 - "مقطع" کے لغوی معنی ________ ہیں۔
(A) کاٹنے کی جگہ (B) بانٹنے کی جگہ (C) شروع ہونے کی جگہ (D) نکلنے کی جگہ

6 - کمرے میں قائدِاعظمؒ ________ فوٹو موجود ہے۔
(A) کے (B) کی (C) کا (D) کیں

7 - ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ________ ۔
(A) رکھا (B) رکھی (C) رکھے (D) رکھیں

8 - صابن سے جسم کا میل اتر ________ ۔
(A) جاتا ہے (B) جاتی ہے (C) جاتے ہیں (D) چکی ہے

9 - اسے اُردو نہیں ________ ۔
(A) آتا (B) آتی (C) آتے (D) آتیں

10 - یہ ________ سبزی ہے۔
(A) تازی (B) تازے (C) تازہ (D) نئی

11 - لاہور کی مشہور ترین پیداوار ________ ہے۔
(A) سیاستدان (B) طالب علم (C) صنعت کار (D) ٹھگ

12 - موجودہ زمانے میں علم علاج کے ________ طریقے ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) چھے

13 - سرسیّد کھانے کے بعد ________ پیتے تھے۔
(A) چائے (B) دودھ (C) کافی (D) کچھ بھی نہیں

14 - قرطبہ کی شاہی لائبریری میں ________ کتابیں تھیں۔
(A) پانچ لاکھ (B) چار لاکھ (C) تین لاکھ (D) دو لاکھ سے زائد

15 - ایک چیز کو دوسری چیز جیسا کہنا ________ کہلاتا ہے۔
(A) تشبیہ (B) تلمیح (C) استعارہ (D) مشبہ

16 - اچھن کے باپ کی تنخواہ ________ روپے تھی۔
(A) دس (B) بیس (C) تیس (D) پچاس

17 - وہ مشترکہ صفت جو مستارلہ اور مستعارمنہ میں پائی جائے ________ کہلاتی ہے۔
(A) وجہ جامع (B) حرفِ تشبیہ (C) وجہ شبہ (D) استعارہ

18 - " آتشِ نمرود " ادبی اصطلاح میں ________ ہے۔
(A) تلمیح (B) استعارہ (C) تشبیہ (D) محاورہ

19 - یہ شعر کیا ہے؟ ؎ تک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے ...... کیا یار بھروسا ہے چراغِ سحری کا
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

20 - طرفینِ تشبیہ سے مراد ________ ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ اور مشبہ بہ (C) وجہ تشبیہ (D) مشبہ بہ



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

پرچہ I

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 322 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I، کلاس 11th)

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

pakcity.org

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (8+1+1 = 10)

اٹھنا وہ جُھوم جُھوم کے شاخوں کا ، بار بار ...... بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ، ہزار

خواہاں تھے زیب گلشن زہرا جو آب کے ...... شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (3 x 3+1 = 10)

یہ آرزو تھی ، تجھے گل کے روبرو کرتے ...... ہم اور بلبلِ بے تاب ، گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خوب ہُوا ...... زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

بری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ ...... کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) انھوں نے کسبِ معاش کے کسی اور ذریعہ کی طرف توجہ نہ کی۔ اس بیماری میں جسم گُھل گیا۔ صحت گُھل گئی اور چالیس سال کی عمر ہی میں بڑھاپے نے آ کر گھیر لیا مگر یہ مرض لا علاج ہے۔ طلوعِ آفتاب سے آدھی رات تک یہ ادب کا پجاری دنیا و مافیہا سے بے خبر فکرِ سخن میں غرق رہتا۔ اب انھیں یہ شبہ ہونے لگا تھا کہ میرے مضامین میں کوئی خوبی کوئی معنی ہی نہیں ، اور یہ انکشاف بدرجہ غایت ہمت شکن تھا۔

(ب) ہم سوچتے ہیں کہیں ایسا نہ ہو مشرق ہاتھ میں رہے ، نہ مغرب۔ کیا عجب سندباد کی طرح کسی نادیدہ جزیرے میں جا نکلیں جہاں کسی پیر تسمہ پا سے مڈ بھیڑ کا بھی اتنا ہی خطرہ ہے جتنا کسی شہزادی مہر افروز کے سحرِ جمال سے عاشق ہونے کا۔ بلکہ پہلا امکان کچھ زیادہ ہی ہے۔ تاہم اے دوستو! اب کیا ہو سکتا ہے۔

www.pakcity.org

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (9+1=10)

(i) سرسید کے اخلاق و خصائل (ii) سفارش

5 - علامہ محمد اقبالؒ کی نظم " پیغام " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان " دہشت گردی " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجئے۔ (10)

یا

کالج میں منعقدہ نعتیہ مشاعرے کی روداد قلمبند کیجئے۔

7 - چیئرمین تعلیمی بورڈ کے نام پرچوں کی پڑتال کی درخواست تحریر کیجئے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (8+2 =10)

مسلمانوں کا نصب العین اسلام ہے۔ وہ اسلام نہیں ، جس کا ڈنکا مطلق العنان بادشاہوں اور خود غرض اُمراء نے بجایا بلکہ وہ اسلام جس کا حامل قرآن ہے۔ جس نے صرف اَن دیکھے خدا کے آگے سَر جھکانا سکھایا۔ وہ اسلام جس کا نمونہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خلفائے راشدین کے عہد میں مسلمانوں کی زندگیوں میں نظر آتا ہے۔ وہ سچائی ، وہ دلیری ، وہ خود اعتمادی ؛ وہ انکسار و امن پسندی ، وہ محنت و مساوات ، وہ صبر و تقویٰ ، وہ مسلم و غیر مسلم سب کی خدمت ، سب کے حقوق کا تحفظ ، سب سے رواداری اور محبت یہ ہے پاکستان کے مسلمانوں کا نصب العین۔

204-322-89000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 319 - (IV) (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 6027 مارکس: 20

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1

1 - ؎ "شاعری روزِ ازل سے ہوئی تخلیق، ندیم ...... شعر سے کم نہیں، انسان کا پیدا ہونا" اصطلاح میں یہ شعر ______ کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) تلمیح (D) ردیف

2 - ہرگوپال تفتہ نے برائے اصلاح غالبؔ کو ______ بھیجیں / بھیجے۔
(A) غزلیں (B) داستانیں (C) قصائد (D) ہجویں

3 - استعارہ ہے :
(A) مرے خورشید کبھی تو بھی اٹھا اپنی نقاب (B) حسنِ یوسف (C) چاند سا چہرہ (D) غارِ حرا

4 - " آمد ہے، کربلا کے نیستاں میں، شیر کی " یہ مصرع ______ کا ہے۔
(A) تلمیح (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) اِن میں سے کوئی نہیں

5 - جس دن سرسید کے گھر مہمان زیادہ ہوتے، اس دن ان کے گھر ______ ہوتی / ہوتا۔
(A) فاقہ (B) کہرام (C) عید (D) رونا دھونا

6 - نصابی سبق "اور آنا گھر میں مرغیوں کا" ______ کتاب سے ماخوذ ہے۔
(A) خاکم بدہن (B) زرگزشت (C) آبِ گم (D) چراغ تلے

7 - غزل کے اشعار میں ایک جیسے بار بار آنے والے الفاظ ______ کہلاتے ہیں۔
(A) ردیف (B) قافیہ (C) تشبیہ (D) مطلع

8 - ؎ " ہستی اپنی حباب کی سی ہے ...... یہ نمائش سراب کی سی ہے" اس شعر میں "ہستی" ______ ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ تشبیہ (D) حرفِ تشبیہ

9 - تلمیح ہے: ؎ "آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا ...... دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت"
(A) صدا (B) چاہِ یوسف (C) دوست (D) بھائی

10 - نصابی سبق "اوورکوٹ" کا اختتام ______ کے ذکر پر ہوا۔
(A) اوورکوٹ (B) فلیٹ ہیٹ (C) بید کی چھڑی (D) گلوبند

11 - نصابی سبق "اُسوۂ حسنہ" کے مطابق ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیلِ روحانی کیلئے جو چیز ہے وہ ______ ہے۔
(A) سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم (B) اُسوۂ اسلاف (C) اُسوۂ صحابہؓ (D) اُسوۂ انبیاءؑ

12 - کراچی ______ آب و ہوا مرطوب ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کیں

13 - پیاز کس بھاؤ بک ______ ہے؟
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

14 - "مطلع" ______ زبان کا لفظ ہے۔
(A) عربی (B) ترکی (C) ہندی (D) پرتگالی

15 - "مکتوباتِ غالب" چھپ ______ ہے۔
(A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

16 - ؎ "پھرے راہ سے وہ، یہاں آتے آتے ...... اجل مر رہی تو، کہاں آتے آتے" یہ شعر ______ کا ہے۔
(A) تلمیح (B) مقطع (C) مطلع (D) اِن میں سے کوئی نہیں

17 - "میرا بیٹا چاند کی طرح خوبصورت ہے" اس جملے میں حرفِ تشبیہ ______ ہے۔
(A) بیٹا (B) میرا (C) طرح (D) خوبصورت

18 - قافیہ ______ کو کہتے ہیں۔
(A) شعر کے آخری حصے (B) ہم آواز الفاظ (C) بار بار استعمال ہونے والے الفاظ (D) شعر کے ابتدائی حصے

19 - تعصب نہیں ______ ۔
(A) کرنا چاہیے (B) کرنی چاہیے (C) کرنے چاہیے (D) کرنے چاہئیں

20 - مجھے گھبراہٹ ہو ______ ۔
(A) رہا ہے (B) رہی ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

pakcity.org

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 319 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

وقت: 2:40 گھنٹے **(انشائی طرز)** مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8 = 10)

تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں ...... کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں ، تاجِ سرِ دارا

تمدن آفریں ، خلاقِ آئینِ جہاں داری ...... وہ صحرائے عرب ، یعنی شتربانوں کا گہوارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3 × 3 = 10)

کن نے اپنی مصیبتیں نہ گنیں ...... رکھتے میرے بھی غم ، شمار اے کاش!

جان آخر تو جانے والی تھی ...... اس پہ کی ہوتی ، مَیں نثار اے کاش!

اس میں راہِ سخن نکلتی تھی ...... شعر ہوتا ترا شعار ، اے کاش!

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ متن و سیاق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+3+10 = 15)

(الف) محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وجودِ مبارک ایک آفتابِ عالم تاب تھا جس سے اونچے پہاڑ ، ریتلے میدان ، بہتی نہریں ، سرسبز کھیت ، اپنی اپنی صلاحیت اور استعداد کے مطابق تابش اور نور حاصل کرتے تھے یا ابرِ باراں تھا ، جو پہاڑ اور جنگل ، میدان اور کھیت ، ریگستان اور باغ ہر جگہ برستا تھا اور ہر ٹکڑا اپنی اپنی استعداد کے مطابق سیراب ہو رہا تھا ، قسم قسم کے درخت اور رنگا رنگ پھول اور پتے جم رہے تھے اور اُگ رہے تھے۔

(ب) باپ نے بیڑی چار پائی کی پٹی پر رگڑ کر بجھا دی اور اسے دوبارہ پینے کے خیال سے اپنے کان پر جما کر اچھن کی طرف دیکھا تو اسے جیسے دھچکا سا لگا۔ اندھیرے میں پناہ ڈھونڈتی ہوئی روشنی میں وہ اس طرح کھڑی ہوئی بڑی بھیانک لگ رہی تھی ......... ہڈیوں پر منڈھی ہوئی سیاہ کھال اُلجھے اُلجھائے جھونجھ ایسے بال ، کھلے ہوئے ہونٹ اور پھری ہوئی پتلیاں ......... بس جیسے وہ دیوار سے ٹک کر مر گئی ہو۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+9=10)

(i) چراغ کی لو (ii) دوستی کا پھل

5 - حفیظ جالندھری کی نظم " ہلالِ استقلال " کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان " انٹرنیٹ کے فوائد و نقصانات " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (10)

یا

اپنے کالج میں "کھیلوں کے سالانہ مقابلے" کی روداد تحریر کیجیے۔

7 - جرمانہ معافی کیلئے اپنے کالج کے پرنسپل صاحب کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (2+8 =10)

نظیر اکبر آبادی اپنے عہد کے ایک نامور شاعر ہیں۔ ان کی شاعری اپنے عہد کے مزاج سے بالکل الگ ایک نئی روایت قائم کرتی ہے۔ اگرچہ اُنہوں نے غزل بھی لکھی لیکن نظم اُن کے اظہار کا بہترین ذریعہ بنی۔ تنوع اور رنگا رنگی کے لحاظ سے نظیر کا کلام آج بھی بے مثال ہے۔ اُن کی نظموں کے مطالعہ سے ہم زندگی کے گوناگوں مشاہدات سے دوچار ہوتے ہیں اور سماجی زندگی کے مختلف پہلو ہمارے سامنے آتے ہیں۔ نظیر کی شاعری اس عہد کے زندہ مسائل سے گہرا تعلق رکھتی ہے۔ معاشی مسائل ہوں یا سماجی، ہر موضوع پر یکساں دسترس ہے۔ انہوں نے آس پاس کی زندگی کو جس رنگ میں دیکھا اُس پر بہترین نظمیں تخلیق کیں۔

203-319-86000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 319 - (III) (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 6026 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. 1- مشتاق احمد یوسفی نے ______ ماہ مرغیوں کی عادات و خصائل کا مطالعہ کیا۔
(A) اٹھارہ (B) پندرہ (C) دس (D) بیس

2- صابن سے میل اتر ______ ہے۔
(A) جاتی (B) جاتے (C) جاتا (D) جاتیں

3- "مطلع" کے لغوی معنی ______ کی جگہ کے ہیں۔
(A) طلوع ہونے (B) غروب ہونے (C) کاٹنے (D) ختم ہونے

4- قافیہ ______ آتا ہے۔
(A) ردیف کے بعد (B) ردیف سے پہلے (C) کسی جگہ بھی (D) مطلع کے بعد

5- میں نے "کلیاتِ غالب" ______ ۔
(A) پڑھی (B) پڑھا (C) پڑھے (D) پڑھیں

6- میں نے آج کا اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھی (B) پڑھا (C) پڑھے (D) پڑھیں

7- سبق "اپنی مدد آپ" ______ کا لکھا ہوا ہے۔
(A) حالی (B) سرسید (C) شبلی (D) قاسمی

8- نواب مصطفیٰ خان کو ______ برس سزا ہوئی۔
(A) دس (B) سات (C) نو (D) تین

9- یہ گھوڑا گاڑی کس ______ ۔
(A) کے ہیں (B) کو ہے (C) کی ہے (D) کی ہیں

10- بغیر ردیف والی غزل ______ غزل کہلاتی ہے۔
(A) مردف (B) سادہ (C) سہل ممتنع (D) غیر مردف

11- یہ عورت بڑی ______ ہے۔
(A) لڑاکی (B) لڑاکا (C) لڑاکو (D) لڑاکیں

12- ابوالقاسم زہراوی اسلامی سلطنت ______ سے تعلق رکھتے ہیں۔
(A) بغداد (B) عثمانیہ (C) اُندلس (D) دمشق

13- جس چیز کو تشبیہ دی جائے اسے ______ کہتے ہیں۔
(A) مشبہ بہ (B) مشبہ (C) وجہ تشبیہ (D) غرض تشبیہ

14- ______ رکن "استعارہ" کا ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) مستعارلہٗ (D) حرف تشبیہ

15- پطرس بخاری کے مطابق لاہور کی مشہور ترین پیداوار ______ ہے / ہیں۔
(A) لاہوری (B) اساتذہ (C) شاعر (D) طلبہ

16- تلمیح ______ زبان کا لفظ ہے۔
(A) اُردو (B) فارسی (C) ہندی (D) عربی

17- درج ذیل میں سے ______ "تشبیہ" کی مثال ہے۔
(A) میرا چاند (B) میرا لعل (C) میرا شیر (D) شیر کی طرح بہادر

18- غزل میں "مقطع" ______ میں آ سکتا ہے۔
(A) درمیان (B) شروع (C) آخر (D) کسی بھی جگہ

19- "قافیہ" کا لغوی معنی ______ ہے۔
(A) پے در پے آنے والا (B) آگے آنے والا (C) دہرانے والا (D) ایک جیسی آواز

20- استعارہ کے ______ ارکان ہوتے ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

204-(III)-319-84000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 319 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

pakcity.org

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8 = 10)

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں ...... حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہو جائے گا

ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع ...... ان دنوں رخشندہ تر، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3 x 3 = 10)

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں ...... لیکن اسے جتا تو دیا جان تو گیا

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر ...... مجھ کو وہ میرے نام سے، پہچان تو گیا

بزمِ عدو میں صورتِ پروانہ دل مرا ...... گو رشک سے جلا تیرے قربان تو گیا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+3+10= 15)

(الف) عزم و استقلال، شجاعت، صبر، شکر، توکل، رضا، تقدیر، مصیبتوں کی برداشت، قربانی، قناعت، استغنا، ایثار، جود، تواضع، خاکساری، مسکنت، نشیب و فراز، بلند و پست، تمام اخلاقی پہلوؤں کے لیے جو مختلف انسانوں کو مختلف حالتوں میں یا ہر انسان کو مختلف صورتوں میں پیش آتے ہیں، ہمیں عملی ہدایت اور مثال کی ضرورت ہے جو صرف پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح میں مل سکتی ہیں۔

(ب) " اب تم کو کیسے سمجھاؤں۔ ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہلِ دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہو جاتا ہے۔"

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+9=10)

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5 - اختر شیرانی کی نظم " برسات " کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان " ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (10)

یا

اپنے کالج میں "جلسہ تقسیم انعامات" کی روداد تحریر کیجیے۔

7 - چیئرمین بلدیہ کے نام درخواست لکھیے جس میں انہیں محلے میں آوارہ کتوں کی تلفی کے بارے میں گزارش کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (2+8 =10)

میری دل سوزی اپنے ہم مذہب بھائیوں کے ساتھ اس وجہ سے ہے کہ میری دانست میں ہم مسلمانوں میں بہت سی رسمیں جو حقیقت میں بری ہیں مروج ہو گئی ہیں۔ ان میں سے ہزاروں ہمارے پاک مذہب اور انسانیت دونوں کے خلاف اور تہذیب و شائستگی کے بھی برعکس ہیں۔ اس لیے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم لوگ تعصب، ضد اور نفسانیت کو چھوڑ کر ان بری رسموں اور بدعتوں کو ترک کرنے پر مائل ہوں اور جیسا کہ ہمارا مذہب پاک، روشن اور ہزاروں حکمتوں سے بھرا ہوا ہے۔ اسی طرح اپنی معاشرت اور تمدن کو بھی ہم عمدہ اور پاک صاف کریں اور جو کچھ نقصانات اس میں ہیں خواہ وہ کسی وجہ سے ہوں ان کو دور کریں۔

204-319-84000

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2018

pakcity.org

اردو (لازمی) (پہلا گروپ) (III) - 318 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 6025 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1- استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

2- ؎ نہیں ہے ناامید اقبالؔ اپنی کشتِ ویراں سے ...... ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی
درج بالا شعر غزل میں کیا ہے؟
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

3- اکرم کو کافی دیر بعد ہوش ______ ۔
(A) آئے (B) آئی (C) آیا (D) رہی

4- قلم دوات میز پر ______ ۔
(A) پڑے ہیں (B) پڑی ہے (C) پڑا ہے (D) پڑے ہوں

5- یہ میز ______ ۔
(A) میری ہے (B) میرا ہے (C) میرے ہیں (D) میرے ہوں

6- ایک مسلمان کی کامیابی اور روحانی تکمیل کیلئے جو چیز ضروری ہے وہ ______ ہے۔
(A) سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم (B) اسوۂ اسلاف (C) اُسوۂ صحابہؓ (D) اسوۂ انبیاءؑ

7- "سرسیّد کے اخلاق و خصائل" کے مصنف کا نام ______ تھا۔
(A) مولانا حالی (B) مولانا شبلی نعمانی (C) خواجہ حسن نظامی (D) ڈاکٹر سید عبداللہ

8- "کیا واقعی دنیا گول ہے" کے مصنف کا نام ______ ہے۔
(A) پطرس بخاری (B) ابنِ انشاء (C) مشتاق احمد یوسفی (D) کرنل محمد خان

9- "حسرت آزاد پر جورِ غلامانِ وقت" میں "حسرت" کیا ہے؟
(A) قافیہ (B) ردیف (C) تخلص (D) مقطع

10- وہ الفاظ جو قافیے کے بعد بار بار دہرائے جاتے ہیں ______ کہلاتے ہیں؟
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

11- "خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں" یہ ایک نہایت عمدہ اور آزمودہ ______ ہے۔
(A) کہاوت (B) مقولہ (C) ضرب المثل (D) محاورہ

12- عبدالرحمٰن الناصر ملک ______ کا حکمران تھا۔
(A) اُردن (B) مصر (C) سپین (D) سوڈان

13- ؎ گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش ...... رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش
درج بالا شعر غزل میں کیا ہے؟
(A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

14- ؎ بے روئے مثلِ ابر نہ نکلا غبارِ دل ...... کہتے تھے ان کو برقِ تبسم ہنسی سے ہم
درج بالا شعر میں علم بیان کی کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) مجازِ مرسل

15- مقطع میں شاعر اپنا ______ استعمال کرتا ہے۔
(A) لقب (B) تخلص (C) عرف (D) کنیت

16- بکریاں گھاس چر ______ ۔
(A) رہی ہے (B) رہے ہیں (C) رہی ہیں (D) رہے ہوں

17- یہ عورت بڑی ______ ہے۔
(A) لڑاکو (B) لڑاکی (C) لڑاکا (D) لڑاکے

18- ؎ آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا ...... دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت
درج بالا شعر میں کونسی شعری اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟
(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) کنایہ (D) تلمیح

19- غزل کا پہلا شعر جسکے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں ______ کہلاتا ہے۔
(A) مقطع (B) آخری شعر (C) خالی شعر (D) مطلع

20- غیر مردّف غزل وہ ہوتی ہے جس میں ______ نہ ہو۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع

203-(III)-318-76000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2018

ﺯﻣﯽ) (پہلا گروپ) 318 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

2:40 گھنٹے **(انشائی طرز)** مارکس: 80

pakcity.org

## حصہ اول

- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8 = 10)

کبھی اے نوجواں مسلم ! تدبّر بھی کیا تو نے؟ ...... وہ کیا گردوں تھا ، تُو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا؟
تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں ...... کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں ، تاجِ سرِدارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3 x 3 = 10)

نہ گنواؤ ناوکِ نیم کش ، دلِ ریزہ ریزہ گنوا دیا ...... جو بچے ہیں سنگ ، سمیٹ لو ، تنِ داغ داغ لٹا دیا
مرے چارہ گر کو نوید ہو ، صفِ دشمناں کو خبر کرو ...... وہ جو قرض رکھتے تھے جاں پر ، وہ حساب آج چکا دیا
کرو کج جبیں پہ سرِ کفن ، مرے قاتلوں کو گماں نہ ہو ...... کہ غرورِ عشق کا بانکپن ، پسِ مرگ ہم نے بھلا دیا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+3+10 = 15)

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیزگاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے ، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک ، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) لاہور کے ہر مربع اِنچ میں ایک انجمن موجود ہے ، پریذیڈنٹ البتہ تھوڑے ہیں۔ اس لیے فی الحال صرف دو تین اصحاب ہی یہ اہم فرض ادا کر رہے ہیں۔ چونکہ ان انجمنوں کے اغراض و مقاصد مختلف نہیں اس لیے بسا اوقات ایک ہی صدر صبح کسی مذہبی کانفرنس کا افتتاح کرتا ہے اور شام کو کسی کرکٹ ٹیم کے ڈنر میں شامل ہوتا ہے۔ اس سے ان کا مطمعِ نظر وسیع رہتا ہے۔ تقریر عام طور پر ایسی ہوتی ہے جو دونوں موقعوں پر کام آ سکتی ہے۔ چنانچہ سامعین کو بہت سہولت رہتی ہے۔

(ورق اُلٹیے)

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2018



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+9=10)

(i) ابوالقاسم زہراوی (ii) چراغ کی لو

5 - حفیظ جالندھری کی نظم " ہلالِ استقلال " کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان " بے روزگاری " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (10)

یا

" یومِ اقبال " کے حوالے سے اپنے کالج میں منعقدہ تقریب کی روداد لکھیے ۔

7 - تعلیمی بورڈ کے چیئرمین کے نام سند کے حصول کیلیے درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (2+8 =10)

سرسیّد نے قدامت پسند مسلمانوں کو نئے زمانے کی ضروریات سے آگاہ کیا اور ہزار دقتوں سے ان کو نئے علوم کے حصول اور نئی حکومت سے تعاون پر آمادہ کیا۔ اپنی مذہبی تصانیف اور رسالہ " تہذیب الاخلاق " کے اجراء سے انہوں نے ثابت کر دکھایا کہ اسلام عقل کے اصولوں پر مبنی ہے۔ 1884ء میں سرسیّد نے پنجاب کا دورہ کیا جہاں " زندہ دلانِ پنجاب " کی قدردانی سے ان کو بڑی تقویت پہنچی۔ پنجاب کے مسلمان ، سرسیّد کی منادی پر اس طرح دوڑے جس طرح پیاسا پانی پر دوڑتا ہے۔ ایک طرف وہ علی گڑھ سے وابستہ ہوئے ، دوسری طرف انہوں نے لاہور میں انجمن حمایتِ اسلام کا ادارہ قائم کیا۔ 1867ء میں بنارس کے بعض ہندوؤں کو یہ خیال پیدا ہوا کہ اُردو کو موقوف کر کے ملک میں بھاشا زبان رائج کی جائے۔ سرسیّد کہتے تھے " یہ پہلا موقع تھا جب مجھے یقین ہو گیا کہ اب ہندو مسلمانوں کا بطور ایک قوم کے ساتھ چلنا محال ہے اور دونوں قومیں کسی کام میں دل سے شریک نہ ہو سکیں گی "۔

 pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2018

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 318 - (I) (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

وقت : 20 منٹ معروضی Code : 6022 مارکس : 20

**نوٹ :** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

pakcity.org

**1۔** 1۔ رات دن میں اچھن کا باپ ______ بیڑیاں پیا کرتا تھا۔
(A) دو (B) چار (C) چھ (D) آٹھ

2۔ فیکے کے باپ کا نام ______ تھا۔
(A) صدیقا (B) رفیقا (C) فقیرا (D) جیرا

3۔ قرطبہ کی شاہی لائبریری میں ______ کتابیں تھیں۔
(A) ایک لاکھ (B) ڈیڑھ لاکھ (C) دو لاکھ (D) دو لاکھ سے زائد

4۔ سبق "مکتوباتِ غالب" کا ماخذ ______ ہے۔
(A) گُلِ رعنا (B) اردوئے معلّیٰ (C) خطوطِ غالب (D) عودِ ہندی

5۔ لاہور کی سب سے بڑی صنعت کون سی ہے؟
(A) رسالہ سازی (B) اخبار سازی (C) دھاگہ سازی (D) طلبہ

6۔ جس مقصد کیلئے تشبیہ دی جائے اُسے ______ کہا جاتا ہے۔
(A) حرفِ تشبیہ (B) وجہِ شبہ (C) غرضِ تشبیہ (D) مشبہ

7۔ اکرم شیر کی طرح بہادر ہے۔
(A) استعارہ ہے (B) تشبیہ ہے (C) تلمیح ہے (D) وجہِ شبہ ہے

8۔ کسی تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کرنا ______ کہلاتا ہے۔
(A) تلمیح (B) استعارہ (C) تشبیہ (D) مشبہ

9۔ ارکانِ استعارہ کتنے ہیں؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

10۔ استعارہ میں ______ آتا ہے۔
(A) وجہِ جامع (B) حرفِ تشبیہ (C) مشبہ (D) مشبہ بہ

11۔ قافیہ کی بنیادی شرط ______ ہونا ہے۔
(A) ہم ردیف (B) ہم مرتبہ (C) ہم آواز (D) متضاد

12۔ ردیف سے پہلے ہمیشہ ______ آتا ہے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) استعارہ (D) قافیہ

13۔ مطلع کے دونوں مصرعے ______ ہوتے ہیں۔
(A) ہم معنی (B) ہم قافیہ (C) ذو معنی (D) ہم زبان

14۔ "حسنِ مطلع" آتا ہے۔
(A) مطلع سے پہلے (B) مقطع سے پہلے (C) مطلع کے فوراً بعد (D) درمیان میں

15۔ "مقطع" کا لغوی مطلب ______ ہے۔
(A) آخر میں آنا (B) پیچھا کرنا (C) ترتیب دینا (D) کاٹنا

16۔ اس لفظ ______ املا درست ہے۔
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

17۔ احمد ______ سبزی لے آیا۔
(A) تازہ (B) تازی (C) تازے (D) تازگی

18۔ میں نے زخم پر مرہم ______۔
(A) لگائی (B) لگائے (C) لگایا (D) لگائیں

19۔ پانی میں جھاگ بیٹھ ______۔
(A) گئے (B) گئی (C) گیا (D) گا

20۔ "مکتوباتِ غالب" چھپ ______۔
(A) گئی ہے (B) گیا ہے (C) گئے ہیں (D) گئیں ہیں

204-(I)-318-75000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2018

پرچہ I — 318 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) — (دوسرا گروپ) — اُردو (لازمی)

مارکس : 80 — انشائی طرز — وقت : 2:40 گھنٹے

pakcity.org

## حصہ اوّل

2 ۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+1+8=10)

پھر نئے محمود ہوں گے حامیِ دینِ متیں — بچّہ بچّہ ، غیرتِ الپ ارسلاں ہوجائے گا

میرے جیسے ہوں گے پیدا ، سینکڑوں اہلِ سخن — نکتہ نکتہ جن کا ، آزادی کی جاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+3x3=10)

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی — بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو — وہ رہ گئی ، درمیاں آتے آتے

مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے — چمن اُڑ گیا، آندھیاں آتے آتے

## حصہ دوم

3 ۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+3+10=15)

(الف) یہ ایک نیچر کا قاعدہ ہے کہ جیسا مجموعہ قوم کی چال چلن کا ہوتا ہے۔ یقینی اُسی کے موافق اس کے قانون اور اسی کے مناسب حال گورنمنٹ ہوتی ہے۔ جس طرح کہ پانی خود اپنی پنسال میں آ جاتا ہے، اسی طرح عمدہ رعایا پر عمدہ حکومت ہوتی ہے اور جاہل وخراب و نا تربیت یافتہ رعایا پر ویسی ہی لغو حکومت کرنی پڑتی ہے۔

(ب) بلاشبہ اس وقت تک وہ دم توڑ چکا تھا۔ اس کا جسم سنگ مرمر کی چیز پر بے جان پڑا تھا۔ اس کا چہرہ جو پہلے چھت کی سَمت تھا کپڑے اتارنے میں دیوار کی طرف مڑ گیا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ جسم اور اس کے ساتھ روح کی اس برہنگی نے اسے خجل کر دیا ہے اور وہ اپنے ہم جنسوں سے آنکھیں چرا رہا ہے۔

4 ۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+9=10)

(الف) ادیب کی عزت — (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5 ۔ دلاور فگار کی نظم ''لوکل بس'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6 ۔ دو دوستوں کے درمیان بڑھتے ہوئے فرقہ وارانہ فسادات پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

اپنے کالج میں منعقدہ ''یومِ اقبال'' کی روداد تحریر کیجیے۔

7 ۔ پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8 ۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2=10)

ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے وہ اس کی ماں ہے۔ سو معلموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اس میں سارے احکام اسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی ننھی منی رعیت پر حکم نافذ کرتی ہے۔ ہر چیز کے لیے بچے اپنی آنکھوں کو اسی طرف لگائے رکھتے ہیں۔ ہر وقت اس کے روبرو وہی مثال اور نمونہ ہے جس کی پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اسی واسطے بچوں کے چال چلن اور طریقے پر ماں کا اثر نسبت باپ کے زیادہ ہوتا ہے۔ گھروں میں ماں کا نیک مثال ہونا ایک بڑی نعمت ہے۔

204-318-75000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org